अपने हुए पराये

اپنے ہوئے پرائے

اداکاران

مالا سنہا۔ منوج کمار
شکیلہ - آغا

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

اپنے ہوئے پرائے فلم کے

گانا نمبر ۱

بہاریں لے کے وہ مسکرائے، ہمارے گلشن میں
بادِ صبا تو نہ آئے تو کیا
کالی گھٹا تو نہ چھائے تو کیا — بہاریں لے کے —
میرے دِل کی راہوں پہ سنگ آ
تجھ کو دِکھلا دوں میں ہمدم اپنا
رنگوں بھری، دُنیا میری، میرا پیار پہلا
بادِ صبا ———
محبوب کے کوئی آیا ہے۔ جب سے دِل میں
ہر دن نئی ہلچل ہے، میری محفل میں
دھڑکن میرا، گانے لگی، اب یہ گیت اُن کا
بادِ صبا ——
متوالی ڈولوں میں کھوئی سپنوں میں
میرا دِل لاگے نہ میرے سپنوں میں
کیا مِل گیا، کیا کھو گیا، دِل ہی جانے میرا
بادِ صبا —

گانا نمبر ۲:— قسمت نے کیا دِن دِکھلائے
کچھ سوچو کچھ ہو جائے

لٹے رہے، دھیرج کون بندھائے اپنے ہوئے پرائے

اندھی جو نقدیر نہ ہوتی
تو زندگی بے پیر نہ ہوتی
دِل پر اِتنا بوجھ نہ ہوتا
پیروں میں زنجیر نہ ہوتی — اپنے ہوئے —

جِن راہوں پہ کوئی نہ آئے
بیٹھے اُن پہ نیناں بچھائے
دِلِ ناداں کیسے جانا ہے
شاید وہ شاید وہ لوٹ آئے
اپنے ہوئے پرائے —

کون ہے ہم کیوں جانے کوئی
اپنا ہمیں کیوں مانے کوئی
بہتر ہے اِس بدحالی میں
اب نہ ہمیں پہچانے کوئی
اپنے ہوئے پرائے —

گانا نمبر ۳: میں نے بلایا اور تم آگئے
اب دِل چاہے کیا
آؤ تمہیں پلکوں میں رکھ لوں
سیج کر لوں سپنا
آنچل میں ہیں پھول خوشی کے
تم سا میت ملا —— آؤ تمہیں ——

تم ملے اور میرے دل میں روشنی ہو گئی
زندگی پیار کی راگنی کے سنگ کھو گئی
آؤ تمہیں ——

تم ملے، مل گئے مجھ کو دونوں جہاں
تم جہاں دل وہاں تم سے زندگی تم سے جاں
آؤ تمہیں ——

دُور کی بانسری دو دلوں کو بھانے لگی
مدھ بھری چاندنی اب اِدھر بھی آنے لگی
آؤ تمہیں ——

گانا نمبر ۱۔ گگن کے چندا نہ پوچھ ہم سے
کہاں ہوں میں دل میرا کہاں ہے
کسی کی چاہت میں کھو گئے ہم
نہ اپنا دل ہے نہ اپنی جاں ہے
نظر سے نظر ملا کے شرما رہی ہے
ہر کے راز چھپ کے کیسے حیا رہی ہے
گھڑی یہ محبت کے اقرار کی ہے
رُت پیار کی ہے، یہ سنگ پیار کی ہے
کسی کے روکے نہیں رُکے گی
کہ یہ ہواؤں کا کارواں ہے ۔ گگن کے چندا ۔
کسے ہے خبر ہم کدھر جا رہے ہیں
بس ایک دوسرے کے قریب آ رہے ہیں

محبت کا گیت ہم گا رہے ہیں
وہی آج تارے بھی دوہرا رہے ہیں
جواں ہے دِل زندگی جواں ہے
جواں زمین، آسماں جواں ہے ۔ گگن کے چندا ۔
نہ تم اب رہے تم، نہ ہم رہے اب ہم
دل و جان سے آج ایک ہو گئے ہم
نہ روکے گا اب ہمکو ظالم زمانہ
نہ ٹوٹے گا نہ سانسوں میں اپنا ترانہ
یہاں نہ آئیں گے جلنے والے
نئی یہ دنیا نیا جہاں ہے ۔ گگن کے چندا ۔
گانا نمبر ۵ ۔ دوپٹے کی گرہ میں باندھ لیجئے
میرا دِل ہے کبھی کام آجائے گا ۔ دوپٹے کی ۔
یہ مانا تم حسین ہو، نازنین ہو
میرے دِل میں بھی پردہ نشین ہو
کہاں لے جاؤ گی تم ایسی صورت
کبھی تو ہو گی ساتھی کی ضرورت
میرا دل ہے اِسے ساتھی بنا لو
اس اپنی نگاہوں میں چھپا لو
میرے دِل سے نہ اب دامن چھڑاؤ
تمہیں میری قسم، تم پاس آؤ
میرا دِل پیار میں ڈوبا ہوا ہے

تمہاری یاد میں کھویا ہوا ہے
میرا دِل آپ سے بڑھ کر حسین ہے
حسینوں کی طرح قاتل نہیں ہے — دوپٹے کی —
جوانی تک ہیں یہ سارے جھمیلے
نہ ہوں گے عاشقوں کے پھر یہ میلے
کرے گی عُمر جب بیوفائی
چُرائے گی نظر ساری خُدائی
میرا دِل ہی تمہیں دے گا سہارا
بنے گا طوفاں میں کنارا — دوپٹے کی —
گانا نمبر ۱۶۔ کہیں آنسو نکلتے ہیں
کہیں گھنگھرو بجتے ہیں
اسی کا نام ہے دُنیا سبھی کے کام چلتے ہیں
ہائے مجھے لُوٹ لیا سیّاں تیرے پیار میں
سیّاں تیرے پیار نے البیلے اقرار نے
تجھ سے ملی جو آنکھیں، چہرے پہ نُور آیا
اپنا بھی ہوش کب ہے، ایسا سرور آیا
ہائے ہلو رنگ دیا سیّاں تیرے پیار نے
سیّاں تیرے پیار نے البیلے اقرار نے
دِل میں خیال تیرا ہونٹوں پہ نام تیرا
بھرتی ہوں ٹھنڈی آہیں، پوچھو نہ حال میرا
دھیرے دھیرے مار ڈالا تیرے پیار نے

وعدے ہزار کر کے تُو نے کہاں نبھائے
راہوں میں تیرے ہم نے پھر بھی دیئے جلائے
میٹھا میٹھا درد دیا تیرے پیار نے
سیّاں تیرے پیار نے البیلے اقرار نے
ہائے مجھے لوٹ لیا سیّاں تیرے پیار نے

گانا نمبر ۱۷۔ کوئی بلائے اور کوئی اب دل جائے کیا
پھر کوئی مسکرائے پھر ایک بھول بھلا
زندگی پھر وہی، گیت گنگنانے لگی
اس کلی جھومتی، پھر بہار آنے لگی
پھر کوئی ——
دِل میرے جھوم رے، یاد کر کے اُس شام کو
بہکے ہم جس گھڑی پی کے پیار کے جام کو
پھر کوئی ——
ہونا ہے آج پھر، اپنے صبر کا امتحان
لُٹانا ہے تم کو پھر آج میرے دِل میری جان
پھر کوئی ——
پھر وہی ہلچل حسرت مچلنے لگی
پھر سے دو شوخیاں
نغمہ بن کے ڈھلنے لگی

ختم شد

صنعت وحرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائڈ	۴/-/۱
ورکشاپ گائڈ	۴/-/۱
موٹر گائڈ	۴/-/۱
کروڈ آئیل	۵/-/۱۰
دستکر مادرین	۶/-/۱۰
الیکٹرک وائرنگ	۴/-/۱۰
خرادستکشا	۳/-/۱۰
آئیل انجن گائڈ	۵/-/۱
کپڑے رنگنے کا ہنر	عہ/-/۱
مکمل فوٹوگرافی	عہ/۸/۱
روشنائی سازی	عہ/-/۱۰
خوبصورت بنو	۱/۸/۱۰
ٹریکٹر گائڈ	۴/-/۱
جنتری پیمائش جیب	۱/۴/۱
کپڑے دھونے کا ہنر	عہ/-/۱۰
کاشتکاری باغبانی	۴/-/۱۰
تیل عطر سازی	عہ/-/۱
گھڑی سازی	عہ/۸/۱
ریڈیو گائڈ	۴/-/۱
صابون سازی	۱/۸/۱
مکمل مرغی خانہ	۴/-/۱۰
تمباکو کی دوکان	عہ/-/۱۰
بوٹ پالش بنانا	عہ/۸/۱۰
سینما مشین آپریٹر	۴/-/۱
شیشہ سازی	عہ/-/۱۰
آچار مربے چٹنی	۱/۸/۱
باورچی خانہ	عہ/۸/۱
مجموعہ فالنامہ	۱/-/۱
بیکری بسکٹ بنانا	عہ/-/۱
بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	۱/۸/۱
آسان انگلش ٹیچر	عہ/-/۱۰
دھوپ گھڑی بنانے	۱/۸

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی